روزنامہ نوائے وقت کراچی (3) 5 اپریل 2014

# دی یونائیٹیڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ

UIC PAKISTAN

پیکرا (PACRA) کی جانب سے "+A" قرار شدہ

## اطلاع بابت 54 واں سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کا چون واں (54 واں) سالانہ اجلاس عام بروز پیر 28 اپریل 2014 کو دن 11:30 بجے رائل پام گولف اینڈ کنٹری کلب، لاہور میں منعقد ہوگا جس میں مندرجہ ذیل امور انجام دیے جائیں گے:

### عمومی اُمور:

1۔ 29 اپریل 2013 کو منعقدہ 53 ویں سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق۔

2۔ 31 دسمبر 2013 کو ختم ہونے والے سال کی بابت کمپنی کے آڈٹ شدہ حسابات مع ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹوں کی وصولیابی، غور و خوض اور منظوری دینا۔

3۔ برائے مالی سال 2014 آئندہ اجلاس عام تک ایکسٹرنل آڈیٹرز کا تقرر اور ڈائریکٹرز کو ان کے معاوضے کے تعین کا مجاز بنانا۔ کمپنی کی آڈٹ کمیٹی کی جانب سے آڈیٹرز میسرز اویس حیدر لیاقت نعمان، چارٹرڈ اکاونٹنٹس، لاہور کی دوبارہ تقرری کی سفارش کی گئی ہے۔ آڈیٹرز کی جانب سے سال 2014 کے لئے بطور کمپنی کا ایکسٹرنل آڈیٹر دوبارہ تقرری کی پیشکش کی گئی ہے۔

4۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق بونس شیئرز پر غور و خوض کرنا اور ان کے اجراء کی منظوری دینا نیز انہیں تمام مقاصد کے لیے کمپنی کے اداشدہ سرمائے میں اضافہ تسلیم کیا جائے گا۔

5۔ بونس شیئرز (B-19) کے اجراء کے لئے -/218,057,204 روپے کی سرمایہ کاری کی منظوری دینا اور عمومی قراردادوں کے طور پر ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم مندرجہ ذیل قراردادیں منظور کرنا:-

### قرار پایا کہ:

(ا) 31 دسمبر 2013 کو منافع میں سے -/218,057,204 روپے کی جو رقم تصرف کے لئے دستیاب ہے اسے کیپٹلائز کر دیا جائے اور مکمل طور پر اداشدہ بونس شیئرز (B-19) کے طور پر اُن کمپنی ممبران کے زیرِ تحویل، جن کے نام 21-04-2014 کو کاروبار کی بندش کے وقت ممبران کے رجسٹر میں شامل تھے ہر 100 شیئرز کے عوض 31.064811 شیئرز کے تناسب سے بشرح 31.064811% دس (10) روپے مالیت کے -/21,805,720 عمومی شیئرز کے اجراء کی منظوری دے دی جائے۔

(ب) بونس شیئرز کی حیثیت ہر لحاظ سے موجودہ شیئرز کے مساوی ہوگی۔

(ج) جو ممبران اپنے شیئرز کے کسری جزو کے مستحق ہیں انہیں ان کے کسری استحقاق کے مطابق فروخت سے حاصل ہونے والی آمدنی میں ان کا متناسب حصہ دیا جائے گا اور اس مقصد کے لئے کسور کو سالم شیئرز کی صورت میں یکجا کیا جائے گا اور اسٹاک مارکیٹ میں فروخت کر دیا جائے گا۔

(د) کمپنی سیکریٹری کو بذریعہ ہذا ان قراردادوں کو عملی جامہ پہنانے اور ان تمام کاموں کو کرنے یا کروانے کا اختیار دیا جاتا ہے جو بونس شیئرز کے اجراء، الاٹمنٹ اور تقسیم کے لئے لازمی یا مطلوب ہوں۔

6۔ چیئرمین کی اجازت سے دیگر کسی امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

(زیڈ۔ ایچ۔ زبیری)

کمپنی سیکریٹری

### خصوصی اُمور:

#### مجاز شیئر کیپیٹل

7۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے کمپنی کے مجاز شیئر کیپیٹل میں اضافے کا فیصلہ کیا گیا ہے اور مجاز شیئر کیپیٹل میں اضافے کی منظوری کے لئے ترمیم کے ساتھ یا بلاترمیم درج ذیل قراردادوں پر بطور خصوصی قرارداد غور و خوض کرنا اور اس کی منظوری دینا۔

(الف) قرار پایا کہ کمپنی کا مجاز شیئر کیپیٹل -/1,000,000,000 روپے سے بڑھا کر -/2,000,000,000 کر دیا جائے۔

(ب) قرار پایا کہ میمورنڈم کی شق 5 اور کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی شق 6 میں مناسب ترمیم کر دی جائے۔

8۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری کے تحت چیف ایگزیکٹو، کام کرنے والے ایک ڈائریکٹر اور نان ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز کو قابل ادائیگی مشاہرے اور فیس کی منظوری دینا اور اس کے لئے ترمیم کے ساتھ یا بلاترمیم درج ذیل قرارداد کی منظوری دینا۔

قرار پایا کہ چیف ایگزیکٹیو، ورکنگ ڈائریکٹر اور نان ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز کو سال 2014 کے لئے مشاہرے اور فیس کی ادائیگی بورڈ کی منظوری کے مطابق کی جائے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ بشمول کمپنی کے زیر انتظام ٹرانسپورٹ دیگر تمام مراعات کے بھی حقدار ہوں گے۔

9۔ سال 2013 کے دوران بذریعہ شراکت داری کمپنی کے نام سے اپنا مائکرو فنانس بینک لمیٹڈ میں -/167,153,905 روپے کی سرمایہ کاری پر غور و خوض کرنا اور اس کی منظوری دینا اور اس کے لئے ترمیم کے ساتھ یا بلاترمیم درج ذیل قرارداد کی منظوری دینا:-

قرار پایا کہ سال 2013 کے دوران بذریعہ شراکت داری کمپنی کے نام سے اپنا مائکرو فنانس بینک لمیٹڈ میں -/167,153,905 روپے کی سرمایہ کاری کی منظوری دی جاتی ہے۔

### نوٹس:

1۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بک 22-04-2014 سے 28-04-2014 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ جو ٹرانسفرز کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کراچی میں کاروبار کی بندش کے وقت پر 21-04-2014 کو وصول ہوں گے انہیں ٹرانسفریز کو بونس شیئرز کی اہلیت کے مقصد کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

2۔ ایک ممبر جو اس اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار ہے وہ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے لئے کسی اور کو اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسیز کا کمپنی کے ہیڈ آفس میں اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہو جانا لازمی ہے۔

3۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کی CDC اکاؤنٹ نمبر کے ساتھ تصدیق کے لئے اپنا اصل قومی شناختی کارڈ اپنے ہمراہ لائیں۔ تاہم، ایسے پراکسیز جو شیئر ہولڈرز کی جانب سے دیے گئے ہوں ان کے ہمراہ ضامن کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقول بھی منسلک کرنی ہوں گی۔ اور پراکسی فارم پر موجود دستخط قومی شناختی کارڈ پر موجود دستخط سے مماثل ہونے چاہئیں۔

4۔ شیئر ہولڈرز سے التماس ہے کہ وہ اپنے پتوں میں کسی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر مطلع کریں۔

### اسٹیٹمنٹ زیر دفعہ (C)&(B)(1)160 بابتہ کمپنیز آرڈیننس 1984

31 دسمبر 2013 کو کمپنی کے ریزرو اور منافع پر اظہار اطمینان کے ساتھ ڈائریکٹرز نے بونس شیئرز کے اجراء کی سفارش کر دی ہے۔ ڈائریکٹرز کا براہ راست یا بالواسطہ کوئی اور مفاد وابستہ نہیں ہے ماسوائے اس کے کہ وہ کمپنی کے ممبران ہیں۔

بونس شیئرز / رائٹ ایشو کے ذریعے مستقبل کی سرمایہ کاری میں اضافے کے لئے کمپنی کے مجاز شیئر کیپیٹل میں اضافہ کیا جا رہا ہے۔